سوال

(101) عیدالاضحیٰ کی نماز ہندوستانی مروجہ وقت کے لحاظ سے کتنے بجے..الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عیدالاضحیٰ کی نماز ہندوستانی مروجہ وقت کے لحاظ سے کتنے بجے کے اندر پڑھنا مسنون ہے؟ زیادہ دیر کرکے نماز عیدالاضحیٰ ادا کرنا شرعاً کیا حیثیت رکھتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عیدالفطر کی نماز کا مسنون وقت وہ ہے جب آفتاب افق سے تقریباً سوا نیزہ بلند اور نماز عیدالاضحیٰ کا مسنون وقت جب آفتاب افق سے ایک نیزہ بلند ہو، اس سے زیادہ دیر کرکے عیدالاضحیٰ کی نماز ادا کی جائے تو نماز تو ہوجائے گی، مگر مسنون وقت وہی ہے جو لکھا گیا ہے۔

مولانا عبدالوہاب آروی

(ترجمان دہلی جلد، ش ۱۷)

[فتاویٰ علمائے حدیث](#)

جلد04 ص181

محدث فتویٰ